ڈسٹرکٹ پولیس آفس/ شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز

25-09-2021

**بہاول پور() ڈی پی او محمد فیصل کامران کی ہدایت پر چہلم حضرت امام حسینؓ کے حوالے سے سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات مکمل، سیکیورٹی پلان جاری، امن وامان کے قیام کو یقینی بنایا جائے گا، چہلم کے دوران شرپسند اورمذہبی منافقرت پھیلانے والے عناصر کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا۔ڈی پی او**

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب راؤ سردار علی خان اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کیپٹن (ر) ظفر اقبال اعوان کے احکامات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران کی ہدایت پر چہلم حضرت امام حسینؓ کے حوالے سے سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات مکمل کر کے سیکیورٹی پلان جاری کر دیا گیا، چہلم کے موقع پر 30 جلوس اور 56 مجالس منعقد ہوں گی۔جلوسوں میں "A" کیٹگری کا 01، "B" کے 08 اور "C" کے 21 جلوس ہونگے جبکہ مجالس میں "B" کیٹگری کی 06 اور "C" کی 50 مجالس منعقد ہونگی۔جن پر 1200 کے قریب پولیس افسران واہلکاران ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دیں گے۔ڈسٹرکٹ پولیس کے ساتھ ڈولفن اسکواڈ، محافظ اسکواڈ اور ایلیٹ فورس بھی ڈیوٹی سرانجام دے گی۔چھتوں پر ماہر نشانہ باز تعینات ہونگے۔چہلم کے دوران ٹریفک کو رواں دواں رکھنیکے لیے الگ سے ڈیوٹی پلان ترتیب دیا گیا ہے۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر نے ضلع بھر کے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ وہ جاری کردہ سکیورٹی پلان پر موثر عمل درآمد کو یقینی بنائیں۔جلوسوں کی سی سی ٹی وی کیمرہ جات سے مانیٹرنگ کی جائے۔جلوس میں شامل ہونے کے لئے والینٹیئر ز کے ذریعے میٹل ڈیٹکٹر سے مکمل تلاشی لی جائے۔جلوس اور مجالس میں خواتین کی تلاشی خواتین پولیس اہلکاران اور لیڈی رضا کاران کے ذریعے لی جائے۔جلوس اور مجالس کے آغاز سے قبل سپیشل برانچ کے عملہ سے سویپنگ کروائی جائے۔جلوسوں میں شامل ہونے والے راستوں کو خاردار تاروں سے سیل کیا جائے۔ڈی ایس پی ٹریفک متبادل راستوں کے ذریعے ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے کے ذمہ دار ہونگے۔لاؤڈ سپیکر کے استعمال، وال چاکنگ، ہیٹ میٹریل، اشتعال انگیز تقاریر، اسلحہ کی نمائش اور ہوائی فائرنگ کرنے والوں کے خلاف قانونی طریقہ سے نمٹا جائے۔چہلم کے دوران شرپسند اور مذہبی منافقرت پھیلانے والے عناصر کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا۔ڈی پی او نے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز سے امن کمیٹی کے ممبران اور تاجر تنظیموں سے رابطے میں رہنے اوران کی معاونت حاصل کرنے کی ہدایت کی۔اس موقع پر ڈسٹرکٹ لائن میں اضافی نفری سٹینڈ بائی رہے گی۔جو کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں فوری رسپانس کرے گی۔چہلم کے حوالے سے ڈی پی او آفس میں ایمرجنسی صورت حال کے پیش نظر ڈی ایس پی لیگل شاہد اقبال کی زیر نگرانی ٹیلی فون نمبر 062-9250363 پر ڈسٹرکٹ کنٹرول روم قائم کیا گیا ہے، جس پر کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

جام محمد ساجد

ترجمان پولیس

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز

11.06.2021

**بہاول پور() ایڈیشنل آئی جی جنوبی پنجاب کی ہدایت پر جاری کمپین کے تحت بہاول پور پولیس کی کارروائیاں، A کیٹگری کے 05 مجرم اشتہاریوں سمیت متعدد سماج دشمن عناصر گرفتار، بھاری مقدار میں منشیات اورناجائز اسلحہ برآمد، مقدمات درج، جرائم کی بیخ کنی کے لیے دستیاب وسائل کو بروئے کارلایاجاکرزیادہ سے زیادہ موثر کارروائیاں عمل میں لائی جارہی ہیں،شہریوں کی جان ومال کی حفاظت میری اولین ترجیح ہے،ڈی پی او محمد فیصل کامران۔**

تفصیلات کے مطابق ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کیپٹن (ر) ظفر اقبال اعوان کی مجرمان اشتہاریوں، منشیات فروشوں اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف جاری کمپین کے تحت مکمل جانفشانی سے احکامات پر عمل کرتے ہوئے بہاول پور پولیس 10 روز میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران کی قیادت میں بھرپور کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے، جاری کمپین کے تحت A کیٹگری کے 05 مجرمان اشتہاریوں سمیت متعدد سماج دشمن عناصر کو گرفتار کر کے پابند سلاسل کر دیئے، جن کے قبضہ سے بھاری مقدار میں منشیات اور ناجائز اسلحہ برآمد ہوا۔کمپین کے تحت بہاول پور پولیس نے مختلف مقامات پر کارروائیاں کرتے ہوئے A کیٹگری کے 05 اور B کیٹگری کے 103 مجرمان اشتہاریوں کو گرفتار کیا، جبکہ عدالتی مفروران کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے A کیٹگری کا 01 اور B کیٹگری کے 32 عدالتی مفروران کے علاوہ 02 ٹارگٹ افینڈر کو بھی پابند سلاسل کیا گیا۔منشیات کے 60 مقدمات درج کر کے ان میں ملوث ملزمان سے 01 کلو ہیروئن، 31 کلو 210 گرام چرس، 340 گرام آئس، 1470 لیٹر شراب، 560 لیٹر لہن اور 04 چالو بھٹیاں برآمد کی گئیں، غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 39 مقدمات درج کر کے ان میں ملوث ملزمان سے 36 عدد پسٹل 30 بور/ ریوالور، رائفل 01 عدد، رپیٹر 02 عدد اور درجنوں کی تعداد میں گولیاں بھی برآمد کی گئیں، ڈی پی او محمد فیصل کامران نے ضلع کے تمام ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ایڈیشنل آئی جی جنوبی پنجاب کی جاری کمپین کے تحت زیادہ سے زیادموثر کارروائیاں عمل میں لائی جائیں، جرائم کی بیخ کنی کے لیے دستیاب وسائل کو بروئے کارلایا جائے، جرائم کی سرکوبی کا عزم کیا ہوا ہے، معاشرتی امن کو خراب کرنے والوں کو قانون کے کٹہرے میں کھڑا کیا جائے گا۔

جام محمد ساجد

ترجمان پولیس